لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۹ جمادی الاول سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۷ جنوری سنہ ۱۹۲۴ء	نمبر ۱

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگانِ حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۳ ؍ دسمبر سنہ ۱۹۲۳ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت و تجارت دربارہ تخفیف عہدہ اسسٹنٹ انجنیر اور تعین عہدہ بابولال گپتا اسسٹنٹ انجنیر۔

حسب تحریر صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تجارت اسسٹنٹ انجنیر کا عہدہ تخفیف کیا جائے۔ اور بابولال گپتا اسسٹنٹ انجنیر اپنی موجودہ تنخواہ

دو سو پچاس روپیہ ماہوار اور تیس روپیہ ماہوار جاری الاونس پر پرسنل اسسٹنٹ سکریٹری تعمیرات و صنعت و حرفت مقرر ہوں۔ اور انکو موٹر کے واسطے ایک موٹر سائیکل کی منظوری بھی دیجاتی ہے جسکے لئے ایکہزار آٹھ سو روپیہ تک خرچ خریداری کی اجازت ہے۔ مگر اُسکی مرمت اور پٹرول وغیرہ کے مصارف بذمہ ایگزیکٹیو انجینیر رہینگے۔ انکو پچاس روپیہ ماہوار بدستور الاونس ملتا رہیگا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۳؍ دسمبر ۱۹۲۳ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت و تجارت متعلقہ انتظام عہدہ انسپکٹر آبکاری۔

رپورٹ ملاحظہ ہوئی۔ منشی سعید افتخار انسپکٹر آبکاری کا کام صیغہ آبکاری کا قابل اطمینان نہیں ہے اسلئے نامبردہ کو صیغہ آبکاری سے ہٹاکر اسٹیٹ انجینیر میں جو ہیڈ کلرک کی جگہ خالی ہوا تھا تا چھ ماہ کے لئے اسجگہ اپنی موجودہ تنخواہ ساٹھ روپیہ پر منتقل کیا جائے۔ الاونس کچھ نہیں ملیگا۔ ۲۔ اور بجائے سید افتخار کے منشی جگندر بہادر پسر بابو جنگ بہادر انسپکٹر آبکاری بشاہرہ ساٹھ روپیہ تنخواہ اور پندرہ روپیہ الاونس مقرر کیا جائے۔ اور اُس کو ٹریننگ بھیجا جائے۔ زمانہ ٹریننگ میں نامبردہ کو صرف ساٹھ روپیہ تنخواہ ملے گی الاونس نہیں دیا جائیگا۔ اور جب تک وہ ٹریننگ کے واسطے بھیجا جائے وہ کشید مٹی شراب پر کام انجام دیگا۔ ۳۔ چھ ماہ کے واسطے منشی شمشیر علی کو بشاہرہ ساٹھ روپیہ تنخواہ اور پندرہ روپیہ الاونس انسپکٹر آبکاری عارضی مقرر کیا جاتا ہے۔ جو منشی جگندر بہادر کا کام انجام دیگا۔ حسب صراحت رپورٹ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

ضمیمہ گزٹ ریاست رامپور نمبر ۱

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۳۱ دسمبر سنہ ۱۹۲۳ء لغایت ۶ جنوری سنہ ۱۹۲۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم				۷ا ر		۷ا ر	
نخود خالص				۱۴ا ر		۱۴ا ر	
نخود دلتہ آمیز				۱۵ا ر		۱۵ا ر	
[illegible]				۱۶ا ر		۱۶ا ر	
[illegible]				۱۰ا ر		۹ا ر	
ماش				۱۰ا ر		۹ا ر	
[illegible]کا				۱۲ا ر		۱۳ا ر	
[illegible]ی				۱۴ا ر		۱۴ا ر	
کوجی				۰		۱۳ا ر	
مسور				۱۵ا ر		۱۲ا ر	
ارہر				۰		۱۳ا ر	
[illegible]				۶ا ر		۶ا ر	
روغن زرد				۰ا ر		۰ا ر	
روغن سیاہ				[illegible]		[illegible]	
روغن کنجد				[illegible]		۱۰ا ر	
[illegible]				[illegible]		۷ا ر	
نمک لاہوری				۵ا ر		۷ا ر	
قند سیاہ				۶ا ر		۵ا ر و ۶ا ر	
باجرہ				۱۰ا ر		۱۱ا ر	

بحکم

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور